اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ماہِ رمضان المبارک میں ڈونیشن کام ہوتا ہے اور "ڈونیشن" دعوت اسلامی کے دینی کاموں کے لئے گویا ایندھن (Fuel) کی مانند ہے چنانچہ اس کے لئے کوشش کرنا ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ڈونیشن کے لیے کوشش کرنے والیوں کے لیے امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ دعا فرماتے ہیں:

"جب تک سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جلوہ نہ دیکھ لے اور اسے کلمۂ طیبہ نصیب نہ ہو جائے اس کی روح نہ نکلے۔" (مدنی مذاکرہ1566)

آیئے نیت کرتے ہیں کہ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی اس دُعا کو پانے اور اپنی دینی تحریک کو مزید آگے پہنچانے کے لئے اپنے وقت، آرام اور نیند کی قربانی دے کر اللہ پاک کی عطا کردہ انفرادی کوشش کی صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے شرعی قیودات و تنظیمی پابندیوں اور اخلاص کے ساتھ خوب خوب ڈونیشن کے لئے نہ صرف خود کوشش کریں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی ترغیب دلاتے رہیں گے۔

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

یاد رہے کہ **"مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔"** (شوری و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

﴿1﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ

a) مدنی مشورے کا دورانیہ 3 گھنٹے 19 منٹ ہو گا۔

b) مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔ (بہتر ہے کہ یہ معمول والے ماہانہ اجلاس میں ہی کیا جائے۔)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت یعنی صوبہ / سٹی (اوورسیز میں سب کانٹینینٹ)، ڈویژن (اوورسیز میں زون نگران براہِ راست ڈویژن (اوورسیز میں زون)، ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ)، تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز



میں ڈویژن) نگران کو (شرعی سفر ہونے کی صورت میں بذریعہ فون) تمام شعبہ جات اور اداراتی شعبہ ذمہ دار شرکت کریں اور اُن کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز و کارکردگی فارمز بالخصوص " **ڈونیشن جمع کروانے سے متعلق معاون مدنی پھول**" سمجھائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جمادی الاخریٰ تک "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن" کے مدنی مشورے مکمل ہو جائیں تاکہ ڈونرز سے رجب میں ہی رابطے ہو جائیں۔

☆ فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار (یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) تا ملک سطح) "**فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اسلامی بہنوں کے ڈونیشن سے متعلق اہم کام**" کے مطابق عمل کریں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق پچھلے تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر انڈر لائن کے ذریعے سے واضح کر دیا جاتا ہے۔

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم (confirm) کر لیں کہ ان کے پاس گذشتہ سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اِس بار واضح کی گئی ہائی لائٹنگ کی مدد سے پہلے سے موجود ریکارڈ پیپرز میں مدنی مشورے میں ہاتھوں ہاتھ اضافے کروالیں وہ پیپر جو مکمل ہائی لائٹ ہوں یا جس میں الگ رنگ سے بہت زیادہ تبدیلیاں کی گئی ہوں ان کے فائنل والے (مکمل بلیک) کے پرنٹ نکالے جائیں اور وہی post/mail کروائے جائیں۔

☆ اگر گذشتہ سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو فائنل والے مکمل بلیک مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن مع ریکارڈ پیپرز فہرست" میں موجود کالم "کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے" کے مطابق پرنٹ نکالیں اور post/mail / پاوڈر کاپی کرواکر دیں ۔مثلاً کارکردگی فارمز کے لیے یہ ہو کہ ذیلی نگران کو صرف "ذیلی سطح" کا فارم دیا جائے ، یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران کو "یوسی / سیکٹر اور ذیلی حلقے (اوورسیز میں ڈویژن اور ذیلی حلقے کا) " کا فارم دیا جائے۔ عَلٰی ھٰذا القِیاس۔ post/mail یا پاوڈر کاپی کرواکر دیجئے۔

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت کو " مدنی پھول برائے ماہِ رمضان "صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔

﴿3﴾ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو "**ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والے مدنی پھول**" Post / Mail کروادیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ نگران عالمی مجلسِ مشاورت "**مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن سے متعلق نگران عالمی مجلس مشاورت کے کام**" کے مطابق عمل کریں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

# رسید سے متعلق

﴿1﴾ فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) کے ذریعے سے جمادی الآخر میں تمام یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) کے لیے رسید بکس منگوالیں۔

☆ جہاں فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) و تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) مقرر نہ ہوں وہاں پر ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن، فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) سے شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) کے ذریعے فنانس ڈیپارٹمنٹ (اسلامی بھائیوں) سے رسید بکس منگوالیں۔

☆ "**رسید بکس ڈیمانڈ فارم**" جمادی الآخر کی 12 تاریخ تک پاکستان نگران اور فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار (پاکستان سطح) اور بیرونِ ملک والے یہ فارم سب کانٹینینٹ نگران اسلامی بہن (اوورسیز) و شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک / سب کانٹینینٹ نگران (اوورسیز) کو جمع کروائیں تاکہ اس کا follow up کیا جاسکے کہ ہر جگہ رسید بکس پہنچ چکی ہیں یا نہیں؟ (جہاں 100 فیصد ای رسید کا نظام ہو وہاں اس کی حاجت نہیں)

(یہ فارم ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ بیرونِ ملک کی کابینہ نگران، شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کی طرف سے رسید بکس نہ ملنے کی صورت میں وجوہات لکھ کر، شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (زون سطح) تک یہ پیغام اس طرح پہنچائیں کہ "

کابینہ "__________ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) نے ڈونیشن کے سلسلے میں رسید بکس دینے سے انکار کردیا ہے برائے کرم ان کی اصلاح کر دی جائے"۔ پہنچادیں۔

﴿3﴾ بیرونِ ملک مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں یہی پیغام سب کانٹینینٹ / ملک نگران اسلامی بہن تک پہنچا دیا جائے اور وہ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (سب کانٹینینٹ / ملک سطح) کو بذریعہ mail پہنچادیں۔

# ڈونیشن کے اہداف

﴿1﴾ " **ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات** (ذیلی تا عالمی سطح)" کے ذریعے تمام ذمہ داران کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف (فی منسلک =/12000 پاکستانی روپے کے حساب سے) دیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ یوسی / سیکٹر تا ڈویژن (اوورسیز میں ڈویژن تا زون) نگران کو پچھلے سال کی سالانہ ڈونیشن کی معلومات اچھی طرح سمجھا کر دینی ہوگی کہ آپ کی سابقہ سال کی سالانہ ڈونیشن کارکردگی __________ تھی، اس سال آپ کا ہدف __________ ہے۔

☆ اہداف کو تین مہینوں (رجب المرجب، شعبان المعظم، رمضان المبارک) میں اس طرح تقسیم کر دیں کہ ہدف کا 25 فیصد رجب المرجب میں، 50 فیصد شعبان المعظم میں اور رمضان المبارک کے شروع میں 100 فیصد مکمل ہو جائے

☆ رمضان المبارک میں فطرہ جمع کرنے کے لیے الگ سے اہداف دیں اور "**فطرہ جمع کرنے کے مدنی پھول**" کے مطابق فطرہ جمع کرنے کا خوب ذہن دیا جائے تاکہ اچھا ڈونیشن جمع ہو۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ " **رمضان ڈونیشن اہداف سے متعلق کام**" کی مدد سے اہداف مکمل کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ ہدف دیتے وقت یہ جملہ ہر ذمہ دار دہرائے کہ: "ہدف ہماری منزل نہیں، ہماری منزل اللہ پاک کی رِضا ہے۔" لہٰذا صرف ہدف کے حصول کے لیے آپس میں اختلافات پیدا نہ کریں۔

☆ عمرہ وحج کے دوران کسی بھی سطح کی تنظیمی ذمہ دار کو حرمین طیبین میں خود سے ڈونیشن کرنے کی اجازت نہیں، نہ ہی رسید لے کر جائیں اور نہ ہی وہاں کسی سے ڈونیشن وصول کیئے جائیں۔

☆ بیرونِ ملک والوں کے لیے ہدف ان کی ملکی کرنسی کے مطابق درج ذیل ہے:

| ملک | ہدف (فی اسلامی بہن) |
|---|---|
| خلیجی ممالک، عرب شریف | 500 درہم/ریال |
| ملائیشیا، ساؤتھ افریقہ | 1000 رنگیٹ/800 رینڈ |
| U.K یورپ | 150 پاؤنڈ/یورو |
| امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیاء، سنگاپور، نیوزی لینڈ | 250 ڈالر |
| ہند، نیپال، سری لنکا | 9200 روپے |
| کوریا | 1،63،000 کورین وان |
| بنگلہ دیش، تھائی لینڈ | 7200 ٹکہ/بھات |

☆ دیگر سب کانٹینینٹ (اوورسیز) اپنے ملک کی کرنسی کے مطابق (فی منسلک کے حساب سے) ہدف کے لیے کوشش کریں۔

☆ اوورسیز میں اپنے ملکوں کی نوعیت و کرنسی کے اعتبار سے فی اجتماع کا ہدف دیا جائے۔ مثلاً فی اجتماع ایک لاکھ 41 ہزار۔

☆ اوورسیز میں جہاں جس کا عرف ہو اس کے مطابق فنڈ ریزنگ اجتماع، افطاری اجتماع رکھ کر اس سے حاصل ہونے والا فنڈ دعوتِ اسلامی کو دیا جائے۔ (**اوورسیز ڈونیشن کلیکشن کا طریقۂ کار** یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ لینگوئج ذمہ داران بھی اپنے شعبے کے تحت ہونے والے اجتماعات میں ڈونیشن کی ترغیب دلائیں اور جو ڈونیشن جمع ہوں وہ جس ملک میں یہ اجتماع ہوتے ہیں اسی ملک میں جمع ہوں گے اور یہ ان کے ہدف میں شمار کیے جائیں گے البتہ لینگوئج ذمہ دار الگ سے کارکردگی تیار کر کے جمع کروائیں گی۔

☆ ہر ذمہ دار اپنی ماتحت سے ذاتی ہدف اُن کے منصب و اہلیت کے مطابق بھی لیں اور ان کی رہائشی ذیلی نگران کو Update بھی کر دیں کہ وہ اپنے ذاتی ڈونیشن ذیلی حلقہ میں جمع کروائیں۔

☆ "**ڈونیشن دینے والی کی انفرادی معلومات** (ذیلی حلقہ سطح)" فارم میں ہر ڈونیشن دینے والی اسلامی بہن کی معلومات تحریر فرمائیں اور اسے اپنے پاس آئندہ کے لیے محفوظ فرمائیں۔ اور ان میں سے جو زیادہ ڈونیشن دیتی ہوں ان کے نام "**زیادہ سے زیادہ ڈونیشن جمع کروانے والیوں کی معلومات** (**اوورسیز کے لیے**)" میں شامل کرلیئے جائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ زیادہ ڈونیشن دینے والی ڈونر کا رابطہ اہم ذمہ داران سے کروایا جائے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور انہیں مزید دعوتِ اسلامی کے لیے ڈونیشن دینے کے لیے تیار کیا جاسکے۔

☆ **5 لاکھ یا اس سے زائد ڈونیشن (چندہ) جمع کروانے والیوں کی معلومات (پاکستان کے لیے)** فارم میں پُر کی جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ وہ ڈونر جو 2 سے 5 لاکھ یا اس سے زائد ڈونیشن دیں اور اوورسیز میں جو ان کی کرنسی کے مطابق زیادہ سے زیادہ ڈونیشن دیں ان کے لیے ڈویژن نگران / سٹی نگران (اوورسیز میں زون / سٹی نگران) ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں اور عالمی و پاک آفس سے ان کے لیے سرٹیفیکٹ جاری کیا جائے۔

☆ اس کے علاوہ موقع کی مناسبت سے وقتاً فوقتاً ذمہ دار اسلامی بہنوں سے، خصوصاً ملک، صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح)، ڈویژن (اوورسیز میں زون) (بڑی سطح کی) نگران اور جامعۃ المدینہ (گرلز) (جامعۃ المدینہ کی پڑھائی پر حرج نہ آئے اس کو پیشِ نظر رکھ کر جامعۃ المدینہ ذمہ دار سے مشاورت کر کے)، مدرسۃ المدینہ (گرلز)، دارالمدینہ (گرلز) اور روحانی علاج ذمہ داران سے بھی فون پر رابطہ کر کے نیز جب بھی ملاقات ہو تو انہیں احسن طریقے سے ہدف پورا کرنے پر توجہ دینے اور کوشش کرتے رہنے کی ترغیب دلائی جائے۔ (یاد رہے! مذکورہ بالا شعبہ ذمہ داران کی ترغیب کے ذریعے ملنے والا ڈونیشن اُن کی اپنی کارکردگی میں شمار نہیں ہوگا البتہ پاک و عالمی سطح پر شمار کیا جائے گا۔)

☆ منسلک کا ڈیٹا جو سافٹ ویئر میں موجود ہے امیر اہلسنّت یا نگرانِ شوریٰ کے واٹس اپ کے ذریعے سے بھی سالانہ ڈونیشن کی ترغیب دلائی جائے۔

☆ رمضان المبارک سے قبل شعبان سے ہی صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) / ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران ڈونیشن کے Followup کے لیے اپنے تحت دو سطحوں سے انٹرنیٹ مدنی مشورے (شرعی سفر نہ ہو تب بھی) کر سکتی ہیں۔

☆ جامعۃ المدینہ (گرلز) / مدرسۃ المدینہ (گرلز) / فیضانِ آن لائن اکیڈمی / دارالمدینہ کی وہ فارغ التحصیل (جو تنظیمی ذمہ دار کے رابطے میں نہ ہوں) یا وہ طالبات و معلمات جو تنظیمی ذمہ دار بھی ہوں تو وہ اپنی ماتحت ذمہ داران سے ڈونیشن لے کر یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) ہی میں جمع کروائیں البتہ اپنے ذاتی ڈونیشن (جو رشتے داروں، پڑوسیوں وغیرہ سے وصول کریں) پر انہیں اختیار ہے کہ چاہیں تو جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / فیضانِ آن لائن اکیڈمی میں جمع کروائیں یا چاہیں تو یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) میں جمع کروائیں۔

یاد رہے! طالبات کی رشتے دار، پڑوسی وغیرہ آپ کی منسلک لِسٹ میں بھی شامل ہوں تب بھی اختلافات سے بچتے ہوئے اُن کے ڈونیشن متعلقہ اداروں میں جمع ہونے پر اعتراض نہ کیا جائے۔

☆ فیضان آن لائن اکیڈمی پڑھنے والی اسلامی بہنوں کو جب ڈونیشن کے لیے ترغیب دلائی جائے تو اس میں یہ ذہن بھی دیں کہ اپنے رہائشی ملک میں ہی ڈونیشن جمع کروائیں۔

☆ ادارتی شعبہ جات (جامعۃ المدینہ گرلز، مدرسۃ المدینہ گرلز) رمضان ڈونیشن کارکردگی پاکستان میں ڈویژن سطح پر جبکہ اوورسیز میں ملک سطح پر ضم ہوگی۔

☆ پاکستان میں تحصیل / ٹاؤن نگران اپنے ڈویژن سطح شعبہ معاونت سے ادارتی شعبہ جات (جامعۃ المدینہ گرلز، مدرسۃ المدینہ گرلز) کی فائنل رمضان ڈونیشن کارکردگی وصول فرما کر ان شعبہ جات کے نام کے ساتھ اپنے رمضان ڈونیشن کارکردگی فارم میں شامل فرمائیں۔

☆ اوورسیز میں ملک / سب کانٹینینٹ نگران اپنے کانٹینینٹ شعبہ معاونت سے ادارتی شعبہ جات کے فائنل رمضان ڈونیشن کارکردگی وصول فرما کر ان شعبہ جات کے نام کے ساتھ اپنے رمضان ڈونیشن کارکردگی فارم میں شامل فرمائیں

## محفلِ نعت

﴿1﴾ مبلغات رجب المرجب، شعبان المعظم اور رمضان المبارک میں جہاں جہاں محفلِ نعت میں جائیں اپنے ساتھ رسید بک یا ای رسید ضرور لے کر جائیں، بیان کے آخر میں 10 منٹ ڈونیشن دینے کی ترغیب دلائیں اپنے شہر کی ساڑھے باون تولہ چاندی اور ساڑھے سات تولہ سونے کی رقم ترغیب میں بتائی جائے۔ تاکہ اگر کوئی ڈونیشن دے تو ہاتھوں ہاتھ رسید یا ای رسید دی بھی بنا دی جائے۔

## شعبہ جات کے ذریعے ڈونیشن کے لیے کوشش

i. **مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس**

مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) اپنی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کی تمام مُدرّسات کا ماہِ رجب المُرجب کے ماہانہ مدنی مشورہ میں ان مدنی پھولوں پر توجہ دلائیں:

a) مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) سطح) مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس کی مُدرّسات کو اور مُدرّسات کے ذریعے تمام پڑھنے والیوں کو ہدف دیں۔ نیز" **ڈونیشن دینے والی اسلامی بہن کی انفرادی معلومات**" (**مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس**" کے مطابق ہر ڈونیشن دینے والی اسلامی بہن کی معلومات اس میں تحریر فرمائیں اور اِسے اپنے پاس آئندہ سال کے لیے محفوظ فرمالیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

a) مدرسۃ المدینہ (بالغات) گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس میں جاکر یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) مشاورت مع شعبہ ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) مدارس میں جاکر کم از کم 26 منٹ راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل پر بیان فرمائیں، اپنے شہر کی ساڑھے باون تولہ چاندی اور ساڑھے سات تولہ سونے کی رقم ترغیب میں بتائی جائے۔ اور دعوتِ اسلامی کے مصارف و مدنی بہاریں بتاکر دعوتِ اسلامی کو ڈونیشن دینے کی بھرپور ترغیب دلائیں۔ (مدارس و کورسز میں بہتر ہے کہ یہ ترغیب مدرسۃالمدینہ (بالغات) ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کے ذریعے دی جائے اور اُس دن مدرسے کے شیڈول میں شامل "تربیت" نہ ہو۔)

b) تمام ذمہ داران مدنی مشورے میں اپنی تمام ماتحت ذمہ داران کو یہ تاکید کریں کہ ماہِ رمضان میں مدرسۃ المدینہ (بالغات) بند نہ ہوں۔

c) مدرسے میں فیضانِ تلاوت کورس بھی کروائے جائیں اور اس میں پڑھنے والیاں لازمی شرکت فرمائیں۔

☆ ہو سکتا ہے کہ یہ ہماری زندگی کا آخری رمضان ہو لہٰذا اِس نیکی کو ہمیں ضائع نہیں کرنا چاہیے۔

☆ رمضان میں نیکیوں کا ثواب بڑھادیا جاتا ہے۔

☆ رمضان میں ہزاروں لاکھوں کو بخشا جاتا ہے، کیا خبر کہ رمضان میں مدرسۃ المدینہ (اسلامی بہنیں) پڑھانے کی برکت سے ہمارا نام بھی اِن بخشے جانے والوں میں شامل ہو جائے۔

d) مدرسۃ المدینہ (بالغات)، گلی گلی مدرسۃ المدینہ، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس کے ذریعے جو ڈونیشن جمع ہو گا وہ ذیلی نگران کو ہی جمع کروائیں البتہ مینول / ای رسید پر شعبہ مدرسۃ المدینہ (بالغات) لکھ دیا جائے۔

## ii. کفن دفن

☆ **ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات** (**کفن دفن ذمہ دار یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح**) کفن دفن ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کو دیا جائے اور ان سے کہا جائے کہ جہاں جہاں غسلِ میّت کے لیے جاچکی ہیں اُن کے نام "**لواحقات کی انفرادی معلومات**" کی مدد سے اس فارم میں لکھے جائیں اور اُن سے ڈونیشن وصول کیا جائے، یہ طے کرلیا جائے کہ ان میں سے کن کن سے کفن دفن ذمہ دار رابطہ کریں گی اور کن سے یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن رابطہ کریں گی تاکہ ایک ہی اسلامی بہن سے زیادہ لوگ رابطے نہ کریں، پورے یوسی / سیکٹر میں جتنی بھی غسّالہ غسلِ میت کے لیے گئی ہوں کفن دفن ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) خود یا غسّالہ کے ذریعے اُن سے رابطے کریں اور ڈونیشن وصول کرکے اپنی رہائشی ذیلی حلقہ نگران اسلامی بہن کو جمع کروادیں البتہ ڈونیشن کی رقم اور مدّات کی تفصیلات کفن دفن ذمہ دار (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کو لکھوائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## iii. شارٹ کورسز ڈیپارٹمنٹ

☆ شارٹ کورسز ڈیپارٹمنٹ کے تحت رجب المرجب، شعبان المعظم اور رمضان المبارک میں ہونے والے شارٹ کورسز میں معلمات کو ہدف دیا جائے کہ کورس کرنے والی اسلامی بہنوں کو ڈونیشن جمع کروانے کا ذہن دیں۔ معلمات کو یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن رسید بھی دیں اور اس کا Followup بھی کریں۔

## iv. شعبہ روحانی علاج

☆ جس ڈویژن (اوورسیز میں زون) میں روحانی علاج کا بستہ لگتا ہو تو ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن رجب المرجب میں اپنی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں لگنے والے روحانی علاج کے تمام بستوں کی بستہ ذمہ داران کو ایک جگہ جمع کرکے ڈونیشن جمع کرنے کے سلسلے میں ترغیب دلائیں۔

☆ اِسی بیان میں " **ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات** (**روحانی علاج ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح)**" کی مدد سے روحانی علاج ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) کو اعتماد میں لے کر بخوشی ہدف دیا جائے۔ البتہ ڈونیشن کی وصولی بستہ ناظمہ ہی کریں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ روحانی علاج کی اسلامی بہنیں جمع ہونے والے ڈونیشن اپنے ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران کو جمع کروائیں۔

## v. رابطہ برائے شخصیات و شعبۂ تعلیم

☆ رابطہ برائے شخصیات و شعبۂ تعلیم و ان کے ماتحت شعبہ جات ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) دینی ذہن رکھنے والی شخصیات پر بھی ڈونیشن کے سلسلے میں انفرادی کوشش فرمائیں اور تمام رابطہ برائے شخصیات ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) رابطہ برائے شخصیات ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کو ڈونیشن کا ہدف بھی دیں اور اِسے پورا کرنے کا طریقہ کار بھی بتائیں مثلاً یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کی تمام شخصیات (اہل ثروت اسلامی بہنوں کی فہرست تیار کر کے ان سے خصوصی ملاقات کریں اور ان پر ڈونیشن کے لئے بھرپور انفرادی کوشش کریں (مگر ذاتی ہدف کے لیے ان سے رابطہ نہ کریں)۔ یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران سے یہ طے کر لیا جائے کِن کِن شخصیات سے رابطہ برائے شخصیات کی ذمہ دار رابطہ کریں گی اور کن کن شخصیات سے یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران رابطہ کریں گی؟؟

☆ ایک شخصیت سے ایک ہی مضبوط ذمہ دار رابطہ کرکے ان کے سابقہ ڈونیشن کو مدِ نظر رکھ کر اُن سے ڈونیشن وصول کریں۔

☆ رابطہ برائے شخصیات ذمہ داران (یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) کے ذریعے جمع ہونے والے ڈونیشن متعلقہ ذیلی نگران اسلامی بہن کے پاس ہی جمع ہوں گے (مگر یاد رہے کہ ڈونیشن کے لیے اجنبیوں کے گھر جانے کی اجازت نہیں)

## vi. پروفیشنلز (شخصیات) کے دینی حلقے (میٹ اپ)

(بنام اہم فریضہ، یا دین کا ستون، احکامِ زکوٰۃ)

☆ ماہِ رجب المرجب، شعبان المعظم و رمضان المبارک میں نوعیت کے اعتبار سے نگران اسلامی بہن کے علم میں لا کر شعبہ رابطہ و شعبۂ تعلیم ذمہ دار پروفیشنلز (شخصیات) کے دینی حلقے لگائیں۔

☆ شعبہ رابطہ برائے شخصیات و ماتحت شعبہ جات (لیڈی وکلاء و ججز، تاجرات، اصلاح برائے کھلاڑیان، اصلاح برائے فنکاران)، شعبۂ تعلیم و اس کے ماتحت شعبہ جات (لیڈی ڈاکٹرز، لیڈی ہومیو پیتھک) ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن)، ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) اور فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) کے ذریعے متعلقہ شعبہ جات سے وابستہ ڈونر اسلامی بہنوں کو پیشگی خصوصی دعوت دے کر ان کی شرکت کو 100 فیصد یقینی بنایا جائے۔

☆ بالخصوص بزنس، جاب کرنے والے پروفیشنل شخصیات کو دعوت دی جائے۔

☆ اس دینی حلقے (میٹ اپ) میں بیان کے لیے تخصص فی الفقہ کی فارغ التحصیل یا طالبات یا مَدَنِیّہ کو ترجیح دی جائے۔

☆ خیر خواہی کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ دینی حلقہ (میٹ اپ) دیئے گئے شیڈول کے مطابق کیا جائے۔ (**دینی حلقہ (میٹ اپ) کا شیڈول** ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ "زکوٰۃ کون لے سکتا ہے؟ "زکوٰۃ کس طرح نکالی جائے" سلائیڈ کے ذریعے سمجھایا جائے، "دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے شعبہ جات" "ڈاکومینٹری"، "اسلامی بہنوں کے اداراتی شعبہ جات کے مقامات (ملک و بیرونِ ملک)"، "بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات" دکھائی جائیں آخر میں دعوتِ اسلامی کو ڈونیشن دینے کی ترغیب شامل ہو۔

☆ ڈونیشن کا اسٹال لگایا جائے۔ تاکہ ہاتھوں ہاتھ ڈونیشن دینے والیوں سے رقم وُصول کرکے رسید یا ای رسید دی جائے۔

☆ مکتبۃ المدینہ کا اسٹال بھی لگایا جائے۔

☆ دینی حلقے کے آخر میں اُن پر ڈونیشن کے حوالے سے بھرپور انفرادی کوشش کی جائے، تاثرات بھی لیے جائیں اور بعد میں متعلقہ ذمہ داران اُن سے رابطہ رکھ کر اُن کو دینی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش فرماتی رہیں۔

☆ ڈونیشن و دینی کاموں میں شمولیت کی نیتیں تحریر کی جائیں اور بعد میں اس کا فولو اپ بھی کیا جائے۔

☆ ڈونرز کے درمیان ہونے والے دینی حلقوں میں صرف ڈونرز (عوام) ڈونیشن دیں۔

☆ شرکاء کی تعداد 15 تا 20 ہو۔

﴿1﴾ یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن رجب المرجب کے دوسرے ہفتے سے شوال المکرم کے آخری ہفتے تک تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات، ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات، استقبالِ ماہ رمضان، اہلِ ثروت کے دینی حلقے ﴿جس میں صاحبزادیٔ عطار سلمہا الغفار، عالمی مجلسِ مشاورت، صوبہ / سٹی / ڈویژن (اوورسیز میں زون) اور ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن تشریف فرما ہوں﴾ اور ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے میں کسی خود اعتماد اور معتبر اسلامی بہن یا فنانس ذمہ دار ڈونیشن کا بستہ لگائیں اور مبلغہ یہ اعلان بھی کریں کہ اپنا فطرہ اور دیگر ڈونیشن اسٹال پر جمع کروائیں۔

(**ڈونیشن اسٹال لگانے کے مدنی پھول** ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ بالخصوص رمضان المبارک کے ماہ میں فطرہ وصولی کے حوالے سے "فطرہ جمع کرنے کے مدنی پھول" کے مطابق گھر گھر مُہم شروع کی جائے، بلڈنگ / گلی ذمہ دار سے فطرہ وصول کرکے اجتماع گاہ میں اسٹال پر جمع کروائیں یا ذیلی نگران کو جمع کروا کر فطرہ رسید بھی ان کو دی جائے۔

☆ فطرے کے اہداف منسلک اور ذمہ دار کے حساب سے دیئے جائیں مثلاً فی منسلک 4 فطرے، فی ذمہ دار 26 یا 12 فطرے۔

## ڈونیشن کارکردگی سے متعلق اہم کام

"**ہفتہ وار کارکردگی برائے ڈونیشن** (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) تا عالمی سطح)" یکم رجب المرجب سے رمضان المبارک کے آخری ہفتے تک، ہر ہفتے پُر فرما کر پاکستان نگران اسلامی بہن، نگرانِ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) اور نگران عالمی مجلسِ مشاورت کو اور سب کانٹینینٹ نگران (اوورسیز)، نگران عالمی مجلس مشاورت اور شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک سطح) کو جمع کروائیں اور نگران عالمی مجلس مشاورت، نگران شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو بذریعہ میل جمع کروائیں۔

(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

## ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات

☆ ہفتے کے ہفتے جمع ہونے والے ڈونیشن (ذیلی تا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن کے ذریعے فنانس ڈیپارٹمنٹ نگران اسلامی بھائی (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کو یا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بھائی کو یا شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) کو یا ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں قائم ڈونیشن سیل پر "تفصیلات پُر فرما کر اپنے محارم کے ذریعے جمع کروائیں۔

☆ ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) میں ڈونیشن وصول کرنے والے سے دستخط لازمی کروائے جائیں اسلامی بہنوں کے قائم ڈونیشن سیل پر بھی رقم جمع کرواتے وقت ہاتھوں ہاتھ Dm سِلِپ یا ایکنا ٹیچمینٹ سِلِپ وصول کی جائے اور اُن سے ڈونیشن وصولی کی رسید بھی حاصل کی جائے، اس سے ملنے والی ریسیونگ پر ریسیو کرنے والے اسلامی بھائی سے یہ جملہ ضرور لکھوالیں "**اسلامی بہنوں کی طرف سے ملنے والے ڈونیشن**"، دستخط والے پیپر کی بھی ہفتے کے ہفتے پاؤڈر کاپی کروا کر اپنے پاس رکھی جائے۔

☆ اگر ڈونیشن جمع کروانے کے لیے کوئی اسلامی بھائی مقرر نہ ہو تو اس فارم "**ڈونیشن فنانس کو جمع کروانے میں آزمائش یا رسید بکس وصولی میں آزمائش**" میں تفصیل دے دی جائے۔

(یہ فارم ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جن ملکوں سے دعوتِ اسلامی ہیڈ آفس کے ٹرسٹی بینک اکاؤنٹس میں رقم ٹرانسفر کرنا دشوار ہوتا ہے مثلاً قطر، عمان، سعودی عرب اور عرب امارات وغیرہ ان ممالک میں بینک کی تفصیلات نہ دی جائیں بلکہ بتائے گئے نمبروں پر رابطے کے لیے کہا جائے تاکہ بینک کی دشواریوں سے بچا جاسکے۔

☆ "ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات" یہ فارم اس وقت تک لینا ہے جب تک کارکردگی فائنل نہ ہو جائے۔

☆ "**ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات**" (ذیلی تا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح کے لیے) یہ فارمز ہر سطح پر حساب کتاب میں ماہر ایسی اسلامی بہن سے پُر کروائے جائیں۔

☆ "**ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات**" کا فارم ہر سطح کی نگران اچھی طرح follow up (واضح وصاف لکھائی میں فارم کمپوز ہو، تمام کالم فِل ہوں) فرماتے ہوئے ماتحت ذمہ داران سے فارم وصول کریں تاکہ ہر طرح کی اَغلاط سے بچتے ہوئے دُرُست و حقیقی کارکردگی تیار ہو سکے۔

☆ تنظیمی شعبہ جات میں سے مدرسۃ المدینہ بالغات، شارٹ کورسز، شعبہ رابطہ برائے شخصیات، شعبۂ تعلیم اور کفن دفن کے تعاون سے جمع ہونے والے ڈونیشن سے متعلقہ شعبہ Update رہے اور Followup کرے اس کے لیے کارکردگی فارم "**ڈونیشن جمع کروانے کی تفصیلات** (برائے تنظیمی شعبہ جات مدرسۃ المدینہ بالغات/قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس/گلی گلی مدرسۃ المدینہ / شعبہ رابطہ برائے شخصیات و شعبۂ تعلیم/ کفن دفن /شارٹ کورسز (یوسی/سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح)" متعلقہ شعبہ جات ذمہ دار پُر کریں اور کارکردگی فارم میں دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق جمع کروائیں۔

(یہ فارمز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) تا عالمی سطح نگران اپنی سیمی فائنل اور فائنل کارکردگی مقررہ تاریخ پر اپنی نگران کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار کو بھی جمع کروادیں۔

☆ روحانی علاج ذمہ دار (ملک سطح) ملک نگران اسلامی بہن کو جمع کروانے کے ساتھ ہی روحانی علاج کی مجلس کے اسلامی بھائی کو بھی جمع کروادیں۔ (روحانی علاج کی ذمہ دار اسلامی بہن (بستہ تا عالمی سطح) ریکارڈ فائل میں موجود ہے۔)

☆ سیمی فائنل اور فائنل کارکردگی جس سطح کو مقررہ تاریخ کو دینی ہوگی same اسی تاریخ کو فنانس ڈیپارٹمنٹ میں رقم جمع کروانے کی تفصیلات بھی وصول کی جائیں گی۔

﴿1﴾ سالانہ ڈونیشن جمع کرنے میں جس تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) یا شعبہ جات کا ہدف ملے پچھلے سال سے ڈبل یا نمایاں اضافہ ہوا اُن کی حوصلہ افزائی کے لیے عالمی آفس / پاک آفس سے دعائیہ پوست دی جائے، ان کے نام فارم کے مطابق فل کر کے جمع کروائے جائیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن)، ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں جس کا پچھلے سال سے ڈبل ہدف ہوا اس کو امیر اہلسنّت کا تبرک تحفۃً دیا جائے۔

☆ ذیلی تا عالمی سطح پر جتنا ڈونیشن جمع ہو اُس کی تشہیر نہ کی جائے نہ ایک ایک کو بتایا جائے۔

## چندہ کرنے کی شرعی و تنظیمی احتیاطیں رسالہ سے ٹیسٹ لینا

**دعائے عطار!** جو اسلامی بہنیں مکتبۃ المدینہ کے رسالے "چندہ کرنے کی شرعی و تنظیمی احتیاطیں" سے فنانس ڈیپارٹمنٹ اسلامی بہنیں کو امتحان (ٹیسٹ) دے اُس کی بے حساب مغفرت فرما کر انہیں جنّت الفردوس میں خاتونِ جنّت بی بی فاطمۃ الزہرا رَضِیَ اللّٰہُ عنہا کا پڑوس نصیب فرما۔ آمین

﴿1﴾ ہر سطح کی نگران و شعبہ مشاورت ذمہ دار کو فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے ہونے والے "چندہ کرنے کی شرعی و تنظیمی احتیاطیں" رسالہ سے ٹیسٹ دینا ہے۔

☆ اگر کسی ذمہ دار نے "کورس فیضانِ زکوٰۃ" کر لیا ہے تو اس کے لیے یہ ٹیسٹ دینا ضروری نہیں۔

## پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ "پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے" (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴿1﴾ ذیلی حلقہ تا نگران عالمی مجلس مشاورت "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن" میں موجود کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کر لیں تا کہ بروقت تمام مدنی پھول پر عمل ہو سکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا نگران عالمی مجلس مشاورت اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھول ﴿مثلاً استقبالِ ماہِ رمضان اجتماع ہو گئے؟ جملہ ذمہ داران کی زکوٰۃ کی وصولی پر تربیت ہو گئی وغیرہ﴾ سے متعلق پوچھ گچھ، "follow up" ایک فارم کی صورت میں ضرور فرمالیں تا کہ کام میں کمزوری نہ رہے۔

☆ ہر سطح کی مجلس مشاورت اپنی ماتحت ذمہ داران اسلامی بہنوں سے شوال المکرّم میں معمول والے ماہانہ مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کارکردگی تیار ہونے کے بعد جو ماہانہ مدنی مشورہ ہو اس میں پچھلے سال سے تقابل ہو، کمی / اضافے کے اسباب یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح سے جمع کر لیئے جائیں، باہم مشاورت سے کچھ مدنی پھول مرتب کیئے جائیں، بہتری لانے کی بھرپور کوشش کی جائے تا کہ تنزلی نہ رہے۔

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آئندہ بہتری کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔

﴿2﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن" سے متعلق اگر کوئی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿3﴾ "مدنی پھول برائے ماہِ رمضان ڈونیشن" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿4﴾ ملک نگران / صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) نگران / ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن / ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری انٹرنیٹ مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴿5﴾ اپنے ملک کی حالت و نوعیت کے مطابق ملکی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کے نگران و متعلقہ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) نگران (اوورسیز) کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

اللہ پاک ہمیں اِخلاص کے ساتھ عین شرعی احکامات کے مطابق اپنی دینی تحریک دعوت اسلامی کے ڈونیشن میں دامے، دِرَمے، قدمے، سُخنے، بدنے حصہ لے کر دونوں جہاں کی بھلائیاں اکٹھی کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔ اٰمین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

(مدینہ! یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں)